فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ

ترجمہ کنزالایمان: تو تم اپنے رب کے لئے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔


پ 30, الکوثر: 2



خواص سورہ یسین

کسی مردہ پر اس کو پڑھا جائے تو اس کو راحت ملتی ہے جو شخص ہر جمعہ کو اپنے والدین یا دونوں میں سے ایک کی زیارت کے لئے ان کی قبر پر جائے اور سورۂ یسین پڑھے تو ان کے اتنے گناہ بخش دئے جائیں جتنے اس سورہ میں حروف ہیں۔

(الدرالمنثور، ج۷، ص۳۹،۴۰)



جمعہ مبارک



دعائے مصطفی ﷺ

اللہ پاک کے پیارے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر یہ دعا مانگا کرتے تھے

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ

یعنی اے دلوں کے پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر قائم رکھ۔

(مسند امام احمد ، الحدیث ١٣٦٩٧)

فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهٖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ

یعنی جس کا آخری کلام لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو وہ جنّت میں داخل ہو گا۔

(ابو داؤد ج ۳ ص ۲۵۵ حدیث ۳۱۱۶)





FARAZATTARIMADANI

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو شخص میری اُمت تک کوئی اسلامی بات پہنچائے
تاکہ اس سے سُنَّت قائم کی جائے یا اس سے
بدمذہبی دور کی جائے تو وہ جنتی ہے۔

(حلیۃ الاولیا، ج۱۰ ص ۴۵ رقم ۱۴۴۶۶)

فرمانِ مصطفیٰ ﷺ

بے شک **اللہ پاک** کے **گھروں** کو آباد کرنے
والے ہی **اللہ والے** ہیں۔

(المعجم الاوسط ج ۲ ص ۵۸ حدیث ۲۵۰۲)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جسے اللہ پاک نے کوئی نعمت عطا فرمائی

پھر وہ بندہ اس نعمت کو باقی رکھنا چاہتا ہو تو اُسے چاہیے کہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہ کی کثرت کرے ۔

(معجم کبیر، 311/17، حدیث:859)



فرمانِ مصطفٰی صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم

اِنَّ الدَّالَّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ

یعنی بے شک نیکی کی راہ دکھانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے ۔

(ترمذی ج ۴ ص ۳۰۵ حدیث ۲۶۷۹)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اہل بیت کی محبت کا سبب

اللہ پاک سے **محبت کرو** کیونکہ وہ اپنی نعمتوں کے ذریعے تمہاری پرورش فرماتا ہے اور **مجھ سے محبت کرو** اللہ کی محبت کی وجہ سے اور **میرے اہل بیت** سے **محبت کرو** میری محبت کی وجہ سے۔

(ترمذی، مناقب اہل بیت النبی، 3789)



فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

اللہ پاک کو **عشرہ ذوالحجہ** سے زیادہ کسی دن میں **اپنی عبادت** کیا جانا **پسندیدہ** نہیں اِس کے ہر دن کا **روزہ** ایک سال کے **روزوں** اور **ہر شب کا قیام شبِ قدر** کے برابر ہے ۔

(ترمذی ج 2، ص 192، حدیث 758)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم میں سے پل صراط پر زیادہ ثابت قدم وہ رہے گا
جو میرے **اہل بیت** اور **صحابہ** سے
زیادہ محبت کرے گا۔

(کنز العمال، کتاب الفضائل، جلد 12)


فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
عجوہ کھجور جنّت سے ہے، اس
میں زہر سے شفاء ہے۔
(جامع ترمذی حدیث ۲۰۷۳)
جمعة مبارك
/Faraz Attari Madani

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

محرم الحرام کے ہر دن کا روزہ ایک ماہ کے روزوں کے برابر ہے۔

(معجم صغیر، 71/2)

Faraz Attari Madani



حدیث پاک

تم لوگوں میں سب سے زیادہ خدا کے
نزدیک ناپسندیدہ وہ ہے جو ادھر ادھر
کی باتوں میں لگائی بجھائی کر کے مسلمان
بھائیوں میں اختلاف اور پھوٹ ڈالتا ہے۔

(مسند احمد، ح18020)

/FARAZ ATTARI MADANI

حدیث پاک میں ہے:

فتنہ سویا ہوا ہوتا ہے اس
پر اللہ پاک کی لعنت جو
اس کو بیدار کرے۔

(الجامع الصغیر للسیوطی ص ۳۷۰ حدیث ۵۹۷۵)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو اللہ سے تین مرتبہ جنت مانگے تو جنت کہتی ہے الٰہی! اسے جنت میں داخل کر دے اور جو تین بار جہنم سے پناہ مانگے تو جہنم کہتا ہے الٰہی! اسے جہنم سے محفوظ فرمادے۔

(ترمذی ، حدیث : ٢٥٨١)

شرح حدیث:

یعنی جو روزانہ صبح و شام یا دن میں ایک بار، تین دفعہ یہ کہے:

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْنِی الْجَنَّۃَ

اور تین دفعہ یہ کہہ لے: اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

تو خود جنت اس کے لیے داخلہ کی

دعا کرے گی اور خود دوزخ اپنے سے پناہ کی بارگاہ الٰہی میں عرض کرے گی۔

(مراۃ المناجیح ج ٤ ص ٦٧)

حدیث پاک

جو کھانے کے گرے ہوئے ٹکڑے اٹھا کر کھائے وہ فراخی
(یعنی خوش حالی) کی زندگی گزارتا ہے اور اسکی اولاد اور اولاد
کی اولاد میں کم عقلی سے حفاظت رہتی ہے۔

(کنزالعمال ، حدیث : 40815)

Faraz Attari Madani




فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دنیا میں تمہارے تین باپ ہیں

ایک وہ جو تمہاری پیدائش کا سبب ہے، دوسرا وہ
جس نے اپنی لڑکی تمہارے نکاح میں دی، تیسرا وہ
جس سے تم نے دولت علم حاصل کی اور ان میں

بہترین باپ تمہارا استاد ہے ۔

(تکمیل الایمان شرح قاضی قطب)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو صبح مسجد میں صرف نیکی سیکھنے یا
سکھانے کی نیت سے گیا اس کے لیے
مکمل حج کرنے والے کی طرح اجر ہے۔

(المعجم الکبیر ، الحدیث 7483)



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص اپنے بیٹے کو ناظرہ قرآن کریم
سکھائے اس کے سب اگلے پچھلے گناہ
بخش دیئے جاتے ہیں۔

(مجمع الزوائد ، حدیث : 11271)

Faraz Attari Madani

جمعة مبارک

JUMMA MUBARAK





فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
سب سے زیادہ عظمت والی راتیں
عیدالاضحیٰ اور عیدالفطر کی راتیں ہیں۔
(شعب الایمان للبیہقی ، الحدیث : ۳۷۱۳ ، ج ۳، ص ۳۴۲ ، بتغیرٍ)
FARAZATTARIMADANI


فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
درخت لگانا ایسی نیکی ہے جو بندے
کی موت کے بعد بھی جاری رہتی
ہے جبکہ وہ اپنی قبر میں ہوتا ہے۔
(مجمع الزوائد و منبع الفوائد ، الحدیث : ۷۶۹)
1st اگست یومِ شجرکاری
درخت لگانے میں
دعوت اسلامی کا
ساتھ دیں
Faraz Attari Madani


فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم
جو آدمی علم کی تلاش کرنے کے لیے کسی
راستہ پر چلے اللہ پاک اس کے لیے جنت
کا راستہ آسان فرما دیتا ہے۔
(صحیح مسلم ، الحدیث:2699)
Faraz Attari Madani

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم

Faraz Attari Madani

دعا بلا کو ٹال دیتی ہے

(الجامع الصغیر، للسیوطی، الحدیث ٤٢٦٥)

دعا کے دو فائدے ہیں ایک یہ کہ اسکی برکت سے آئی بلا ٹل جاتی ہے دوسرے یہ کہ آنے والی بلا رک جاتی ہے۔ لہذا فقط بلا آنے پر ہی دعا نہ کی جائے بلکہ ہر وقت دعا مانگنی چاہئے، شاید کوئی بلا آنے والی ہو جو اس دعا سے رک جائے۔

(مراۃ المناجیح، ج ۳، ص ۲۹۵)



/farazattarimadani



فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

ہر نبی کا کوئی ساتھی ہوتا ہے میرے ساتھی (یعنی جنت میں) عثمان ہیں۔

(ترمذی، 390/5، حدیث :3718)

18ذو الحجہ یوم شہادت

امیر المؤمنین، ذوالنُّورَین

اسلام کے تیسرے خلیفہ

حضرت سیّدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ





اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ
ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

سید ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسے ایک فتنۂ عظیم میں پڑھا جو دمشق میں واقع ہوا، اسے ابھی دو سو مرتبہ بھی نہیں پڑھا تھا کہ مجھے ایک شخص نے آکر اطلاع دی کہ فتنہ ختم ہو گیا۔

(افضل الصلوات علی سید السادات، ص ۱۵۴)

جمعہ مبارک



بادلوں کی گرج اور بجلی کی کڑک کے وقت یہ دعا پڑھنی چاہیے

اَللّٰھُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُھْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ

اے اللہ! تو اپنے غضب سے ہمیں نہ مارنا، اپنے عذاب کے ذریعہ ہمیں ہلاک نہ کرنا، اور عذاب کے نزول سے پہلے ہمیں عافیت عطا فرما۔

(جامع ترمذی ،الحدیث ۳٤٦١)



Faraz Attari Madani

فرمانِ فاروقِ اَعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

مجھے وہ شخص محبوب (یعنی پیارا) ہے جو مجھے میرے عیب بتائے۔

(الطبقات الکبری لا بن سعد ج ۳ ص ۲۲۲)

اسلام کے دوسرے خلیفہ حضرت

یکم محرم الحرام
یومِ شہادت



Faraz Attari Madani

یومِ عاشوراء کا خاص عمل

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے:

عاشوراء کے دن جو ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے تو اس کی طرف اللہ پاک نظر فرمائے گا اور جس کی طرف رحمن نظر فرمائے اسے کبھی عذاب نہیں دے گا۔

(حاشیہ النور فی فضائل الایام والشھور، المجلس الحادی عشر فی فضل عاشوراء، ص ۱۲۴)



فرمان مولا علی رضی اللہ عنہ

اگر کوئی خطرہ میں پڑ جائے تو یہ پڑھے

بِسۡمِ اللّٰهِ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ

ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے خطرہ ٹل جائے گا۔

(جنتی زیور، ص 581)



/farazattarimadani

فرمان حضرت علی رضی اللہ عنہ

تھوڑی چیز دینے سے شرم نہ کرو کیونکہ دینے سے محروم رہنا اس سے بھی تھوڑا ہے۔


(المستطرف، 283/1)



فرمان حضرت علی رضی اللہ عنہ

مصیبت اور پریشانی بھی ایک مقام پر پہنچ کر ختم ہو جاتی ہیں۔ اس لیے عقلمند کو چاہیے کہ مصیبت کی حالت میں صبر کرے تاکہ مصیبت اپنی مدت پر چلی جائے ورنہ مدت ختم ہونے سے پہلے مصیبت کو دور کرنے کی کوشش مصیبت کو اور بڑھاتی ہے۔

(تاریخ الخلفاء ، ص 144)



جمعہ مبارک

حضرت جنید بغدادی علیہ رحمۃ اللہ

نزع کے وقت قرآن پاک پڑھ رہے تھے ان سے پوچھا گیا:
اس وقت میں بھی تلاوت؟

ارشاد فرمایا: میرا نامۂ اعمال لپیٹا جا رہا ہے تو جلدی
جلدی اس میں اضافہ کر رہا ہوں۔

(صید الخاطر لابن الجوزی ص 227)




فرمان حضرت زید بن اسلم رحمۃ اللہ علیہ
جو اللہ پاک سے ڈرتا ہے تو لوگ نہ
چاہتے ہوئے بھی اس سے
محبت
کرتے ہیں۔
Faraz Attari Madani
(حلیۃ الاولیاء، 3/258، رقم: 3881)



فرمان حضرت سفیان بن عیینہ رحمۃ اللہ علیہ
وہ جگہ بدترین ہے جہاں بندہ گناہ کرتا ہے
اور توبہ کئے بغیر وہاں سے چلا جائے۔
/farazattarimadani
(حلیۃ الاولیاء ،7/328،رقم:10717)
Faraz Attari Madani

ایک مرتبہ حضرت سیدنا عتبہ غلام رحمۃ اللہ علیہ
ایک مکان کے پاس سے گزرے تو کانپنے لگے اور پسینہ آگیا!
لوگوں کے پوچھنے پر فرمایا: یہ وہ جگہ ہے جہاں
میں نے چھوٹی عمر میں گناہ کیا تھا۔

(تنبیہ المغترین، ص57)



فرمان حضرت احمد بن حزب رحمۃ اللہ علیہ

نیکوں سے محبت رکھنا، ان کے پاس بیٹھنا، ان کی صحبت میں رہنا، ان کے افعال و اقوال دیکھ کر عمل کرنا، انسانی قلب (دل) کیلئے اس سے زیادہ کوئی بات نافع (نفع بخش) نہیں۔

(تنبیہ المغترین، ص41 مفہوما)



فرمان حضرت محمد بن منکدر رحمۃ اللہ علیہ

بے شک مغفرت کو واجب کرنے والی چیزوں میں سے ایک بھوکے مسکین کو کھانا کھلانا ہے۔

(حلیۃ الاولیاء، 3/174، رقم:3600)




Faraz Attari Madani

حضرت سیدنا محمد بن واسع رحمۃ اللہ علیہ

خشک روٹی نمک سے کھا لیتے اور فرماتے
جو دنیا میں اتنی مقدار میں راضی ہو جاتا
ہے وہ کسی کا محتاج نہیں رہتا۔

(مکاشفة القلوب ص ۱۲۲)




فرمان حضرت
میمون بن مہران رحمۃ اللہ علیہ
جو بارگاہ الٰہی میں اپنا مرتبہ
جاننا چاہے وہ اپنے اعمال میں
غور کرے کیونکہ جیسے اس
کے اعمال ہیں ویسا ہی اس کا
مرتبہ ہو گا۔ (حلیۃ الاولیاء ، 87/4، رقم:4829)
Faraz Attari Madani
جمعہ مبارک

جمعہ مبارک

جن لوگوں نے علم فقہ، فن حدیث، میلاد شریف،
عرس بزرگان دین، ذکر خیر کی مجالس، اسلامی
مدرسے اور طریقت کے سلسلے ایجاد کئے

انہیں قیامت تک ثواب ملتا رہے گا۔

(مراۃ المناجیح، ج1، ص196)



جس نے تم سے پہلے کوئی **علم** حاصل کر لیا
تو وہ اس معاملے میں تمہارا **رہنما** ہے چاہے
وہ **عمر** میں تم سے چھوٹا ہی کیوں نہ ہو۔

(احیاء العلوم، 1/197)


Faraz Attari Madani



جو شخص پانچ باتوں پر مواظبت کرتا ہے اس کی نیکیوں میں مضبوط پہاڑوں جیسا اضافہ ہوتا ہے اور اللہ پاک اس کے رزق میں وسعت اور کشادگی پیدا فرما دیتا ہے۔

1. جو شخص ہمیشہ تھوڑا یا زیادہ صدقہ دیتا رہے۔
2. جو کم یا زیادہ صلہ رحمی کرتا ہو۔
3. جو مسلسل راہ حق میں جہاد کرتا رہے۔
4. جو ہمیشہ باوضو رہے اور پانی کے استعمال میں بھی فضول خرچی نہ کرے۔
5. جو والدین کی اطاعت و فرمانبرداری کے تسلسل میں کوتاہی نہ برتے۔

تنبیہ الغافلین (ج1، ص205)




یَاوَاجِدُ
جو کوئی کھانا کھاتے وقت ہر نوالے پر پڑھا کریگا
ان شاءاللہ عزوجل وہ کھانا اس کے پیٹ میں نور
ہو گا اور بیماری دور ہو گی۔
(رسالہ، چالیس روحانی علاج ص 8)
/farazattarimadani

قہوہ اور چائے پینے کی چار نیتیں

1. جن بزرگوں نے قہوہ و چائے استعمال فرمائی ہے ان کی پیروی کروں گا۔ 2. عبادت کے لیے نشاط و تازگی حاصل کروں گا۔ 3. کسی کے ہاں چائے پی کر اس میزبان کو خوش کروں گا۔ 4. پینے کی سنتوں اور آداب پر عمل کروں گا۔

Faraz Attari Madani



گھڑی استعمال کرنے کی چار نیتیں

- اعمال خیر کے لیے اپنے اوقات کی حفاظت کروں گا۔
- نماز کے اوقات کا خیال رکھوں گا۔
- وقت کو تقسیم کاری کے ساتھ چلاؤں گا۔
- اپنے اوقات کا دھیان رکھوں گا۔

(بہار نیت صفحہ 118)



یَا مُحْصِیُ

ایک ہزار بار،

جو کوئی ہر

شب جمعہ

(یعنی جمعرات و جمعہ کی درمیانی شب)

پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ عزوجل

قبر و قیامت کے عذاب

سے محفوظ ہو۔

(رسالہ، چالیس روحانی علاج، ص8)


75
واں یوم آزادی مبارک
ہم ملک کے اعتبار سے ضرور آزاد ہوئے تھے مگر دین کے لحاظ سے نہ کبھی
آزاد تھے نہ ہوں گے بلکہ ملکی آزادی بھی شریعت کی غلامی کے لئے حاصل
کی گئی تھی، اس لئے اپنے آپ کو شریعت کا پابند بنائیں، اللہ و رسول کے
احکام پر ہر وقت ہر جگہ عمل کرنے کی نیت کریں۔
ابو البنات فراز
عطاری مدنی
پاکستان زندہ باد
/farazattarimadani


14 AUGUST
PAKISTAN
INDEPENDENCE
DAY
/farazattarimadani